Umer Siddique
APPAREL & TEXTILES

# GUIDING PRINCIPLES OF BUSINESS

# کاروبار کے رہنما اصول

# THE WAY WE DO THINGS AROUND HERE

The guiding principles of working and doing business in US Apparel & Textiles

# ہمارے کام کرنے کا طریقِ کار

یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلز  میں کام اور کاروبار کے رہنما اصول
-

# OBJECTIVES

- Ensure that we are fully aware of the Guiding Principles of working and doing business in US Apparel & Textiles.
- How to find answers to problems and questions that we face while performing our duties.
- Who should we approach for guidance in case of confusion?
- What actions should we take in case of violations of Guiding Principles of US Apparel& Textiles is detected?

# مقاصد

- ہمیں اس بات کی یقین دہانی کرنی ہے کہ ہم یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلز میں کام کرنے اور یوایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلزکے کاروبار کرنے کے رہنما اصولوں سے اچھی طرح واقف ہیں۔
- ایسے تمام مسائل اور سوالات کا حل تلاش کرنا جو ان رہنما اصولوں پر عمل کرنے کے دوران سامنے ئیں۔
- یہ تعین کرنا کہ کسی الجھن یا مسئلے کی صورت میں سٹاف کہاں اور کیسے تعاون اور رہنمائی حاصل کرے۔
- رہنما اصولوں کی خلاف ورزی کی صورت میں ہمیں کیا تدابیر استعمال کرنی چاہیں۔

## INTRODUCTION

It is the policy of US Apparel & Textiles to do business in a responsible and honorable manner keeping in view the interests of those who are effected by our operations.

In this connection, US Apparel & Textiles complies with the laws applicable to our business. Just ensuring implementation of laws is not sufficient, US Apparel & Textiles expects highest standard of moral and ethical behavior.

## تعارف

یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلز کی پالیسی ہے کہ اپنا کاروبار باوقار اور ذمہ دارانہ طریقے سے چلائےاور ان تمام لوگوں کے مفادات کا خیال رکھے جن پر کمپنی کے کاروبار کے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

اس سلسلے میں بنیادی طور پر یہ ضروری ہے کہ ملک کے ہر اُن قوانین کی پابندی کی جائے جو ہمارے کاروبار پر لاگو ہوتے ہیں۔تاہم صرف قوانین کا احترام کافی نہیں۔ یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلز ، کم از کم قوانین کے احترام سے آگے بہت سارے معاملات میں درست کاروباری و اخلاقی عمل کی توقع رکھتی ہے۔

## GUIDING PRINCIPLES OF WORKING AND DOING BUSINESS IN US APPAREL & TEXTILES

The basis of our Guiding Principles at US Apparel & Textiles is not only to work and do business honestly and with responsibility but also respect all those who are associated with our business in any way.

## یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلز میں کام اور کاروبار کے رہنما اصول

یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلز کے کاروبار کرنے کے رہنما اصولوں کی بنیاد یہ ہے کہ ہم اپنا کام نہ صرف ذمہ داری اور ایمانداری سے کریں بلکہ ان تمام لوگوں کا بھی احترام کریں جو ہمارے کام اور کاروبار سے کسی بھی طرح منسلک یا متاثر ہوں۔

# USEFUL QUESTIONS

While performing your duties, if you are confused or have doubts that you are doing the right thing. Ask yourself following questions:

- If this matter becomes public knowledge, will it be a matter of  embarrassment for US Apparel & Textiles?
- Can I explain this to my family and friends?
- How will my coworkers react if they find out about this?
- Should I consult my coworker or my manager?

# کارآمد سوالات

اگر آپ کبھی کسی غیر یقینی کیفیت کا شکار ہوں اور کسی معاملے کی انجام دہی میں صحیح یا غلط طریقہ میں فرق کرنا ممکن نہ ہو تو زیرِ نظر سوالات آپ کے لیے مدد گار ثابت ہو سکتے ہیں:

- اگر یہ بات منظر عام پر آگئی تو کیا یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلز کے لیے شرمندگی کا باعث ہو گی؟
- کیا میں اس بارے میں اپنے خاندان کو وضاحت پیش کر سکوں گا؟
- اگر اس تعلق سے میرے ساتھی کارکنوں کو علم ہوا تو ان کا کیا ردعمل ہو گا؟
- کیا مجھے اپنے مینجر یا کسی ساتھی کارکن سے مشورہ کرنا چاہیے؟

## RESPECT FOR INDIVIDUAL

US Apparel & Textiles believes in training, development and progression of talented and skilled individuals. This is only possible if we respect the rights of people around us.

- It is the policy of US Apparel & Textiles to offer employment only on the basis of competence regardless of race, religion, colour, age, disability, gender, marital status or sexual orientation.
- Discrimination on the basis race, religion, colour, age, disability, gender, marital status or sexual orientation is not tolerated in US Apparel & Textiles.
- US Apparel & Textiles does not believe in interfering in the personal beliefs of the individuals.

## فرد کا احترام

یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلز تمام قابل اور باصلاحیت افراد کی نشونما، ترقی اور ان کی قدر کرنے پر یقین رکھتی ہے اور یہ صرف اسی ماحول میں ممکن ہے جہاں ہم اپنے اردگرد موجود افراد کے حقوق کا احترام کریں اور ان کا خیال رکھیں۔

- یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلزکی پالیسی ہے کہ کسی فرد کو ملازمت صرف قابلیت کی بنیاد پر بلا امتیاز مذہب، نسل، رنگ، عمر،جنس یا ازدواجی حیثیت دی جائے۔
- نسلی، جنسی یا کسی اور بنیاد پر پریشان کرنے کو یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلزمیں ہر گز برداشت نہیں کیا جائے گا۔
- یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلزکسی کے ذاتی عقائد پر اثر انداز ہونے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتی بلکہ خاص طور پر کسی ایسے اقدام سے خود کو دور رکھتی ہے جو کہ اس عزم کے متصادم ہو۔

## CONFLICT OF INTEREST

We, as employees of US Apparel & Textiles must work in the best interest of the Company and our interests should not conflict with the interests of the Company. There are many examples of conflict of interest; following are some of the obvious and clear ones.

- Work for customers / suppliers of US Apparel & Textiles.
- Gain unauthorized benefits at Company expense (other than salary and approved benefits).
- Have shares / investments in the business of suppliers, customers, competitors of US Apparel & Textiles.
- As employees of US Apparel & Textiles, we do not use our influence to provide employment to our relatives and friends in US Apparel & Textiles or with the suppliers, customers, competitors of US Apparel & Textiles. Nor do we use our authority to influence their salaries and benefits.

If you are confronted with the situation of conflict of interest, you must consult your manager.

## مفادات کا تصادم

ملازمین کی حیثیت سے ہمیں ہمیشہ کمپنی کے بہترین مفاد میں کام کرنا چاہیےجس میں ہمارے ذاتی مفادات کمپنی کے مفادات سے متصادم نہ ہوں۔

مفادات کے تصادم کی کئی صورتیں ہوتی ہیں جن میں سے درج ذیل خاص، واضح اور اہم ہیں۔

- یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلزکے کسی گاہک/ فراہم کنندگانکے لیے کام کرنا۔
- کمپنی کے خرچ پر ذاتی سہولیات حاصل کرنا (علاوہ منظور شدہ تنخواہ اور مراعات کے)۔
- یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلزکے کسی گاہک/ فراہم کنندگان/تقسیم کنندگان یا حریف کے کاروبار میں مالکانہ حقوق ہونا یا شراکت دار ہونا۔
- یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلزمیں اپنے عہدے یا اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلزیا اس کے کسی کسٹمر یا سپلائر کے ہاں متعین اپنے رشتہ دار واقف کار کی ملازمت تنخواہ مراعات اور ترقی کو متاثر کرنے کی کوشش کرنا۔

اگر آپ کسی وقت مفادات کے تصادم کی صورتحال سے دو چار ہوں یا آپکو اسکا اندیشہ ہو تو اپنے مینجر کو ضرور اطلاع کریں۔

# CONFIDENTIAL INFORMATION

Most of us come across confidential information in our day to day work. Confidential information could be personal in nature or related to US Apparel & Textiles or to our customers / suppliers.

We only use confidential information to fulfill our work obligations.  Confidential information is kept confidential unless it is obtained through public sources. Our responsibility to keep confidential information secret even after separation from our employment with US Apparel & Textiles.

# خفیہ اور حساس معلومات

ہم میں سے بیشتر کو کام کے دوران ایسی معلومات سے واسطہ پڑتا ہے جس کی نوعیت ذاتی اور تجارتی لحاظ سے حساس ہوتی ہے۔
اس قسم کی معلومات کو چاہے وہ یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلز کے بارے میں ہوں یا کسی اور کمپنی یا کسی فرد کے متعلق ، بروئے کار لانے کا بنیادی اصول یہی ہے کہ جب تک انہیں عوامی ذریعے سے حاصل نہ کیا گیا ہو انہیں خفیہ سمجھا جائے اور صرف اپنی ذمہ داریوں کو نبھانے کے لیے کام میں لایا جائے۔
آپکی یہ ذمہ داری کمپنی سے ملازمت منقطع ہونے کے بعد بھی قائم رہتی ہے۔
یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلزخفیہ وحساس معلومات سے متعلق دوسروں کے حقوق کا بھی خیال رکھتی اور انہیں تسلیم کرتی ہے۔
ذاتی مفاد کی خاطر کمپنی کی معلومات استعمال کرنا سختی سے منع ہے۔

# BRIBE

Giving cash or bribe in any other form such as gifts to gain benefit for the business is strictly forbidden in US Apparel & Textiles. Deliberately offering bribe, directly or through third party is against the prestige and dignity of US Apparel & Textiles.

## GIFTS & ENTERTAINMENT

Although exchange of gifts and entertainment opportunities are a common custom, but one should be cautious in making them a routine. Giving and receiving large gifts in cash or in kind and attending entertainment programs can adversely impact business decisions. Those who give gifts and arrange entertainment programs, their expectations increase. If these expectation are not met they can be harmful for the Company. Others may take a different meaning of exchange of gifts and parties.

# رشوت

نقدی یا کسی اور شکل میں رشوت، تحفے تحائف یا کوئی اور چیز دینا تا کہ یوایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلزکےلئے بزنس یا کوئی اور فائدہ حاصل کیا جائے سختی سے ممنوع ہے، چاہے رقم یا پیشکش براہ راست دی جا رہی ہو یا (جانتے بوجھتے) کسی تیسرے فریق کے ذریعہ مذکورہ نوعیت کی ادائیگیاں یا پیشکش کاروباری لین دین اور تعلقات کے معاملے میں یوایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلز کی ان کوششوں کے بالکل خلاف ہے جو وہ ایک پر وقار مقام برقرار رکھنے کیلئے کرتی ہے۔

## تحائف اور تفریحات

اگرچہ دنیا کے بیشتر علاقوں میں تحائف اور تفریح عام رسم و رواج ہیں، لیکن ان کے با ضابطہ ہونے کے بارے میں محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ بڑی رقم کے یا بڑی تعداد میں تحائف دینے یا وصول کرنے یا تفریحی پروگراموں میں حصہ لینے سے کاروباری فیصلے متاثر ہوتے ہیں یا ہو سکتے ہیں اور یوں تحائف دینے یا تفریحی پروگرام منعقد کرنے والے میں توقعات پروان چڑھتی ہیں، جو اگر پوری نہ کی جائیں تو کمپنی کے لیے مشکلات کا با عث بن سکتی ہیں۔ اسی طرح کسی کو زیادہ تحائف دینے یا تفریح کے مواقع فراہم کرنے کا دوسرے کچھ اور مطلب سمجھنے لگتے ہیں۔

## INTERNATIONAL & NATIONAL RELATIONS

US Apparel & Textiles wants to operate as a responsible corporate citizen at national and international levels. At the local level we will always be vigilant as to what impact our operations are having on the environment. In this connection we encourage our employees to take part in social work at the local level. However, US Apparel does not support or fund any political party or its nominees.

At the international level, US Apparel & Textiles is bound by human rights laws of United Nations.

## مقامی اور بین الاقوامی تعلقات

یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلز مقامی اور بین الاقوامی ، دونوں ہی سطحوں پر ہمیشہ ایک ذمہ دار کارپوریٹ شہری کی حیثیت سے کام کرنا چاہتی ہے۔

مقامی سطح پر ہمہ وقت ہم اس بات پر نظر رکھیں گے کہ ہماری کارکردگی سے اردگرد کے ماحول پر کیا اثرات مرتب ہو رہے ہیں ۔ اس ضمن میں عملے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ مقامی سطح پر فلاحی کاموں میں شرکت کریں، تاہم کمپنی اپنی طرف سے کسی سیاسی جماعت یا اس کے امیدواروں کی پشت پناہی نہیں کرتی اور نہ ہی انہیں کوئی رقومات وغیرہ دیتی ہے۔

بین الاقوامی سطح پر یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلزاقوام متحدہ کے انسانی حقوق سے متعلق قوانین کی پابند ہے اور ان کا احترام کرتی ہے۔

## COMPLIANCE WITH LAW AND DISCIPLINE

US Apparel & Textiles abides by the laws, rules and regulations of the government and cooperates fully with government departments who enforce these laws.

## قانون کی پاسداری اور ادارے کا نظم ونسق

یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلزہمیشہ تمام حکومتی اور قوائدوضوابط متعین/ نافظ کرنے والے اداروں سے تعاون کرتی ہے اور خود کو نظم و نسق کے اعلی معیار کا حامل دیکھنے کا عزم کیے ہوئے ہے۔

## FINANCIAL DEALINGS AND HONESTY

It is important that rules are respected and correct method is applied in all our financial records and dealings.

All information of financial transactions is properly recorded. No document or entry should be inaccurate or deceptive. No funds or assets should be kept hidden or not entered in books. No request for payment or part thereof should be approved or made which is to be used for purpose other than the purpose mentioned in the request.

All information provided to Auditors is correct and not misleading.

US Apparel & Textiles will not deliberately support any fraudulent transaction. If you think that an activity based on fraudulent intention is taking place (in US Apparel or in Companies we have dealings with) you must report it to your manager.

## مالیاتی اور طریق عمل میں دیانت داری

حسابات کے معاملے میں ہمیشہ قوائد کی پابندی کرنے اور صحیح طریقے کار پر عمل پیرا رہنے کی ضرورت ہے۔
تمام معاملات مجاز ہونے کے ساتھ ساتھ صحیح اور مکمل طور پر ریکارڈ شدہ ہوں ۔ درج شدہ کوئی بھی انٹری یا دستاویز نہ غلط ہوں نہ گمراہ کن اور نہ ہی کوئی حساب، فنڈ یا اثاثہ ایسا ہو جسے پوشیدہ رکھا گیا ہو یا جس کا اندراج نہ کیا گیا ہو۔ کسی کاروباری ادائیگی کی درخواست نہ کی جائے ،نہ منظور کی جائے یا ادا کی جائے کہ ادا شداہ رقم یا اس کا کوئی حصہ کسی اور مد میں استعمال ہو جو درخواست دیتے وقت دستاویز میں بیان نہ کی گئی ہو۔
آڈیٹرز کو فراہم کی جانے والی تمام معلومات مکمل ہوں اور گمراہ کن نہ ہوں۔
یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلزجانتے بوجھتے کسی دھوکہ دہی پر مبنی کام میں معاونت نہیں کرے گی۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ دھوکہ دہی پر مبنی کوئی معاملات ہو رہے ہیں(خواہ یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلزمیں یا ان اداروں میں جن سے ہمارے کاروباری روابط ہیں) تو آپ فوراً اپنے مینجر کو مطلع کریں۔

## APPLICABILITY OF GUIDING PRINCIPLES

Wherever, a third party (contractor, distributor, agents etc.) is representing us – we should ensure that the third party is aware of our Guiding Principles and we should urge them to follow our Guiding Principles in letter and spirit.

In case US Apparel & Textiles is operating a business in a joint venture arrangement with another Company, the joint venture partner should also be made aware of the Guiding Principles and should be urged to follow them.

## ان رہنما اصولوں کا اطلاق

جہاں کوئی تیسرا فریق (جیسے ڈسٹری بیوٹرز، ایجنٹس اور کنٹریکٹرز) ہماری نمائندگی کر رہا ہو انہیں ان عملی اصولوں سے نہ صرف مانوس کروانا چاہیے بلکہ یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلزکی نمائندگی کرتے ہوئے ایسے کیے جانے والے تمام معاملات میں پاسداری کی ترغیب بھی دینی چاہیے۔

جہاں یو ایس اپیرل اینڈ ٹیکسٹائلزکسی اور کمپنی میں حصہ دار ہے اس کمپنی یا کوئی جوائنٹ وینچرشراکت دار یا حصے دار کو بھی ان رہنما اصولوں سے آگاہی اور تعمیل کی ترغیب دینی چاہیے۔

# IMPORTANCE OF CUSTOMERS

**We must remember that:**

- They pay our bills.
- We will understand our customers’ requirements and fulfill our commitments with complete honesty.
- We whole heartedly accept changes which happen with time.
- We will comply with the agreed instructions and Code of Conduct of our customers with complete transparency.

# گاہک کی اہمیت

- وہ ہمارے بل ادا کرتے ہیں۔
- ہم گاہک /خریدار کی ضروریات کو بخوبی سمجھ کر انہیں ایمانداری سے اور وعدے کے مطابق پورا کریں گے۔
- ہم وقت کے ساتھ آنے والی تبدیلیوں کو اپنانے میں مستعدی سے کام لیتے رہیں گے۔
- ہم اپنے گاہک سے متفقہ ہدایات اور ضابطہ اخلاق کی پاسداری کریں گے اور ان کے ساتھ مکمل شفافیت پر کاربند رہیں گے۔

## INTEGRITY WITHOUT COMPROMISE

We will remain truthful and honest in our day to day work and business transactions.

We will remain unbiased in all aspects of our business dealings and will be open to accountability according to our code of conduct and rules / regulations.

## بلا سمجھوتا دیانتداری

ہم اپنے روزمرہ کے کام اور کاروباری لین دین میں سچے اور ایماندار رہیں گے۔

اپنے کاروبار کے ہر پہلو میں ہمارا عمل غیر جانبدارانہ اور قابل احتساب ہو گا جو ہمارے ضابطہ اخلاق اور قاعدے قانون کے معیار کے عین مطابق ہو گا۔

# OUR ACTIONS

We will have a responsible attitude and will display honesty, responsibility, care and understanding in what we say and do.

We will not do or say anything which is not upto the standard or in the interest of US Apparel & Textile or in the interest of our customers.

We will strongly oppose spreading of rumors and gossip.

# ہمارا طرز عمل

ہم ذمہ دارانہ رویہ اختیار کریں گے اور اپنے قول و فعل میں ذمہ داری ، ایمانداری، احتیاط اور سمجھداری سے کام لیں گے۔

اندرونی اور بیرونی معاملات میں ہم اپنے قول و فعل سے کمپنی اور اس کے گاہکوں کی حیثیت یا مفاد کے خلاف کوئی بات نہیں کریں گے۔

افواہ پھیلانے اور فضول گوئی کی سختی سے حوصلہ شکنی کریں گے۔

# THANK YOU